ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان اورحق پرست امیدواران نے کراچی میں یوم عاشور پرمرکزی ماتمی جلوس میں شرکت کی
شہر کے مختلف علاقوں سے یوم عاشور کے موقع پر نکلنے والے مرکزی جلوسوں کی گزرگاہوں پرایم کیوایم نے کئی مقامات پرطبی کیمپوں کا انعقاد کیا

کراچی ۔۔۔20، جنوری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم، جوائنٹ انچارج عبدالحسیب اورحق پرست امیدواران نے فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ کیلئے یوم عاشور کے موقع پر نمائش چورنگی سے نکلنے والے مرکزی ماتمی جلوس میں شرکت کی اور ایم کیوایم کی جانب سے لگائے گئے طبی امدادی کیمپ اور سبیلوں کا دورہ کیا۔اس موقع پرحق پرست امیدوار برائے این اے 243 عبدالوسیم،حق پرست امیدوار برائے پی ایس 94 رضا حیدر، سابق حق پرست رکن قومی اسمبلی اخلاق حسین عابدی، خورشید بیگم میڈیکل سینٹر پاک کالونی کے انچارج عبدالقادر لاکھانی،حق پرست ٹاؤن ناظمین محمد دلاور، جاوید احمد، ایم کیوایم کی علماء کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے۔جلوس میں ایم کیوایم کے تحت علاقائی سطح پرتشکیل دی گئی امن کمیٹیوں کے اراکین بھی شریک رہے ۔اراکین رابطہ کمیٹی اور حق پرست امیدواران نے علمائے کرام اورمختلف انجمنوں کے عہدیداران سے ملاقاتیں کیں اورانہیں ایم کیوایم کی جانب سے کئے گئے مثبت اقدامات سے آگاہ کیا اس موقع پرعلمائے کرام نے جلوس میں ایم کیوایم کے وفد کی شرکت کا خیر مقدم کیا اور ایم کیوایم کی جانب سے جلوسوں کی گزرگاہوں پرمیڈیکل کیمپس، سبیلوں کے قیام اورعزاداران حسینؑ کوطبی سہولیات کی فراہمی کیلئے کئے گئے اقدامات کوسراہا۔رابطہ کمیٹی اورحق پرست امیدواران نے نمائش چورنگی پرلگائے گئے طبی کیمپ کا دورہ کیا اورزخمی عزادران حسینؑ کوفراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا۔انہوں نے نمائش چورنگی پر ایم کیوایم کے تحت لگائی گئی سبیلوں پرآنے والے عزاداران حسینؑ کوشربت پلایا اورجلوس کے شرکاء کا خیرمقدم کیا اس موقع پرانہوں نے ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے اراکین اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضاکاروں کوخراج تحسین بھی پیش کیا۔علاوہ ازیں یوم عاشور کے موقع پرشہر کے مختلف علاقوں سے نکلنے والے ماتمی جلوسوں کی گزرگاہوں پرایم کیوایم کے تحت کئی طبی امدادی کیمپوں کا انعقاد کیا گیا۔یہ طبی کیمپ کورنگی میں ڈبل روڈ، ملیر میں RCD گراؤنڈ اور بی ایریا حسین آباد، اسکیم 33 کے علاقے عباس ٹاؤن، سادات امروہہ، گلشن اقبال میں گیلنٹ کوٹ، لائینز ایریا میں نمائش چورنگی، برنس روڈ میں اللہ والا شاپنگ سینٹر، رنچھوڑ لائن میں دلپسند سوئٹس، اورنگی نمبر1، اورنگی نمبر10، قصبہ علی گڑھ یونٹ 130، نارتھ ناظم آباد میں باب العلم، ناظم آباد گلبہار میں رضویہ امام بارگاہ، فیڈرل بی ایریا میں عائشہ منزل اور بوتراب امام بارگاہ کے مقامات پرلگائے گئے تھے جن میں ہزاروں عزاداران حسینؑ کوطبی سہولیات فراہم کیں گئیں۔اس موقع خدمت خلق فاؤنڈیشن کی ایمبولینسیں بھی طبی کیمپوں پرموجود تھیں۔

تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی پرایم کیوایم آگرہ تاج سیکٹر یوسی 4 کے رابطہ انچارج وحید احمد پیرزادہ
اور رکن پیرعبدالعزیز سرہندی کوتنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا گیا

کراچی ۔۔۔20، جنوری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی اورغیر تنظیمی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی بناء پرایم کیوایم سیکٹر آگرہ تاج یوسی 4 کھڈہ مارکیٹ کے رابطہ انچارج وحید احمد پیرزادہ ولد میر خان پیرزادہ اور یوسی 4 کی کمیٹی کے رکن پیرعبدالعزیز سرہندی ولد پیر عبدالرشید کوتنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے تمام ذمہ داران وکارکنان کوہدایت کی ہے کہ وہ مذکورہ بالا افراد سے کسی قسم کا رابطہ نہ رکھیں۔

ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج سردارخان نے لانڈھی میں مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے ہلاک ہونے والے
چارافراد کی رہائشگاہوں پرجاکرسوگواران سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا

کراچی ۔۔۔20، جنوری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج اورحق پرست امیدوار برائے پی ایس 128 سردارخان نے گزشتہ روز لانڈھی نمبر1، 37-D ایریا میں نامعلوم مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے ہلاک ہونے والے افراد کی رہائشگاہوں پرجاکرسوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا۔ سردارخان نے سوگواران سے بات چیت کرتے ہوئے فائرنگ کے واقعہ کی شدید مذمت کی اورکہا کہ ایک منظم سازش کے تحت کراچی شہر کا امن تباہ کرنے کی کوشش کی جارہی ہے جسے متحدہ قومی موومنٹ اوراس کے کارکنان کسی بھی صورت میں کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ فائرنگ کے واقعہ میں ملوث دہشت گردوں کوفی الفور گرفتار کیا جائے اورانہیں قرارواقعی سزادی جائے۔انہوں نے جاں بحق ہونے والے افراد کی مغفرت کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔

جام ساقی جی ایچ کیو سے سمجھوتہ کرنے کے بعد ہی جیل سے رہا ہوئے۔لونگ خان چنہ

جام ساقی جی ایچ کیو کی ڈکٹیٹشن سے ہی اپنی تمام سیاسی سرگرمیاں انجام دے رہے ہیں

کراچی۔۔۔20 جنوری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج لونگ خان چنہ نے قائد تحریک الطاف حسین کے نام جام ساقی کے خط پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ سندھ کے عوام بخوبی واقف ہیں کہ جام ساقی نے خود جی ایچ کیو کے آگے سرینڈر کیا اور جی ایچ کیو سے سمجھوتہ کرنے کے بعد ہی جیل سے رہا ہوئے۔لونگ خان چنہ نے کہا کہ جام ساقی کے جی ایچ کیو سے گہرے تعلقات ہیں اور وہ جی ایچ کیو کی ڈکٹیٹشن سے ہی اپنی تمام سیاسی سرگرمیاں انجام دے رہے ہیں۔لونگ خان چنہ نے کہا کہ جام ساقی دوسروں پر انگلی اٹھانے سے پہلے خود جی ایچ کیو سے اپنا تعلق ختم کریں اور اپنے عمل سے ثابت کریں کہ وہ واقعی سندھ دھرتی ماں سے مخلص ہیں۔

☆☆☆☆☆